سبق-11

# ننّھی پری

مُدّتیں گُزریں، کسی جنگل میں ایک ننّھی سی پری ہری ہری گھاس پر اِدھر اُدھر ٹہل رہی تھی۔ بہت ہی چھوٹی پری تھی۔ آج پہلی مرتبہ اُسے چلنے پھِرنے کا موقع ملا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ وہ اچھّی بُری پریوں میں تمیز نہ کرسکتی تھی۔

اُس نے کالے کالے برسنے والے بادل کبھی دیکھے ہی نہ تھے۔ نہ کبھی مینھ برستے دیکھا تھا۔ جب کالی گھٹا گھِر کر آئی تو ننّھی پری سہم سی گئی۔ اب مینھ کی بوندیں پڑنے لگیں۔ پری گھبرا کر چِلّانے لگی۔ ''تم میرے خوُب صوُرت



not to be republished © NCERT

پر خراب نہ کرو! تُم میرے خوُب صوُرت پر خراب نہ کرو۔!! میرے پاس سے دوُر رہو۔"

بارش کے قطرے نہ تھمے۔ پہلے سے بھی زیادہ زور سے گرنے لگے۔

ننھّی پری کے پر بھیگ کر بھاری ہوگئے۔ وہ اب اُڑ نہ سکتی تھی۔ وہ رونے لگی۔ پاس ہی ایک بوُڑھی پری رہتی تھی۔ اُس کا کام یہ تھا کہ بھوُلی بھٹکی پریوں کی مدد کرتی تھی۔ وہ پریوں کو لکھنا پڑھنا بھی سِکھاتی تھی۔ اس لیے پرِستان میں اِس بوُڑھی پری کو سب پریاں "اُستانی پری" کہتی تھیں اور اُس کی عزّت کرتی تھیں۔



© NCERT not to be republished

بوڑھی پری ننّھی پری کے پاس آئی اور بولی ''پیاری بیٹی! تُم گھبراؤ نہیں۔ میں تمھاری مدد کروں گی۔ تُمھارے پر ابھی خُشک ہوجائیں گے۔ بیٹی میری نظر ذرا کم زور ہے۔ تم غور سے دیکھو! آسمان پر ایک رنگیلا جھوُلا نظر آرہا ہے۔''

ننّھی پری نے اپنی مُنّی سی آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا تو آسمان پر اُسے دَھنک دکھائی دی۔ دَھنک دیکھ کر ننّھی پری بولی۔ ''دادی! دیکھوتو کیسا اچھّا جھوُلا ہے۔ جی چاہتا ہے کہ یہاں سے اُڑ کر اُس جھوُلے میں خوُب جھوُلوُں۔ یہ بارش کے قطرے جلدی بند ہو جائیں تو میں دوڑتی، کوُدتی پھاندتی، بھاگتی چلی جاؤں۔''



© NCERT not to be republished

بوڑھی پری نے ننّھی پری کی جب یہ باتیں سُنیں تو پہلے تو ذرا مُسکرائی پھر بولی ''بیٹی! دھنک اور بارش کو تم الگ الگ نہیں کرسکتیں۔ اِنھیں قطروں ہی سے تو دھنک بنتی ہے۔'' بوڑھی پری نے ننّھی پری کو ایک جگہ گھاس پر سے بارش کے قطرے اُٹھا کر دکھائے۔ واقعی انھیں سوُرج کے سامنے رکھنے سے طرح طرح کے رنگ دکھائی دیتے تھے۔

اُس دن سے ننّھی پری بوڑھی پری کے پاس آتی تھی اور پڑھنا لکھنا سیکھتی تھی۔ تھوڑے دن میں اُس نے اتنی باتیں



سیکھ لیں کہ تمام پَرِستان میں اس ننھّی پری کے برابر کوئی نہ جانتا تھا۔ تمام پریاں اس سے مشورہ کرتیں۔ کچھ دنوں کے بعد وہ پُورے پَرِستان کی مَلِکہ بن گئی۔





# چاند میں پریاں رہتی ہیں

امّاں! باجی کہتی ہیں
”چاند میں پریاں رہتی ہیں“

رات کو پَر پھیلاتی ہیں اور اُتر کر آتی ہیں
سب بچّوں کو سُلاتی ہیں اور پھر خواب دکھاتی ہیں

امّاں! باجی کہتی ہیں
”چاند میں پریاں رہتی ہیں“

میں تو آج نہ سوؤں گا رات گئے تک جاگوں گا
باہر باغ میں بیٹھوں گا چاند کی پریاں دیکھوں گا

امّاں! باجی کہتی ہیں
”چاند میں پریاں رہتی ہیں“

(افسرؔ میرٹھی)



© NCERT not to be republished

## مشق



### پڑھیے اور سمجھیے۔

| | |
|---|---|
| تمیز | : فرق |
| مینھ | : بارش |
| گھٹا | : گہرا بادل، برسنے والا بادل |
| قطرہ | : بوند |
| سہم | : ڈر، خوف |
| پَرِستان | : پریوں کے رہنے کی جگہ |
| خُشک | : سُوکھا |
| دَھنک | : آسمان پر سات رنگوں کا نصف دائرہ |
| واقعی | : سَچ مُچ |
| مَلِکہ | : بادشاہ کی بیوی |

© NCERT not to be republished



## اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. ننھّی پری کہاں ٹہل رہی تھی ؟
2. پری کیوں سہم گئی؟
3. پری اُڑ کیوں نہیں پا رہی تھی؟
4. پرِستان میں بوڑھی پری کا کیا کام تھا؟
5. پری نے چلّا کر کیا کہا؟
6. بوڑھی پری نے رنگیلا جھوُلا کسے کہا ہے؟
7. ننھّی پری پرِستان کی مَلِکہ کیسے بنی؟



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

ننھّی پری   رنگیلا   گھاس   مَلِکہ   پَر

1. ننھّی سی پری ہری ہری ______ پر اِدھراُدھر ٹہل رہی تھی۔
2. جب کالی گھٹا گِھر کر آئی تو ______ سہم سی گئی۔

© NCERT not to be republished

3. ننھّی پری کے ______ بِھیگ کر بھاری ہو گئے۔

4. تم غور سے دیکھو آسمان پر ایک ______ جھُولا نظر آ رہا ہے۔

5. کچھ دنوں کے بعد وہ پورے پرِستان کی ______ بن گئی۔



**مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثال : قطرہ | = | قطرے | قطروں |
| بُوڑھا | = | ______ | ______ |
| جھُولا | = | ______ | ______ |
| بیٹا | = | ______ | ______ |
| موقع | = | ______ | ______ |
| اچّھا | = | ______ | ______ |



**نیچے لکھی باتیں کس نے کہیں؟ نام لکھیے۔**

1. ”تم میرے خوب صورت پَر خراب نہ کرو۔“ ______

2. ”پیاری بیٹی! تم گھبراؤ نہیں۔ میں تمھاری مدد کروں گی۔“ ______

© NCERT not to be republished

3. ''یہ بارش کے قطرے جلدی بند ہوجائیں تو میں دوڑتی، کُودتی پھاندتی، بھاگتی چلی جاؤں۔'' ______

4. ''بیٹی! دَھنک اور بارش کو تم الگ نہیں کرسکتیں۔ اِنھیں قطروں ہی سے تو دَھنک بنتی ہے۔'' ______



## جملوں کے سامنے 'ہاں' یا 'نہیں' لکھیے۔

1. ننھی پری اچھّی بُری پریوں میں تمیز نہ کرسکتی تھی۔ (   )
2. جب کالی گھٹا گِھر کر آئی تو ننّھی پری خوش ہوگئی۔ (   )
3. بُوڑھی پری کے پَر بھیگ کر بھاری ہوگئے۔ (   )
4. بُوڑھی پری بھُولی بھٹکی پریوں کی مدد کرتی تھی۔ (   )
5. بیٹی! دَھنک اور بارش کو تم الگ الگ کرسکتی ہو۔ (   )
6. کچھ دنوں میں ننّھی پَری پورے پَرِستان کی مَلِکہ بن گئی۔ (   )



## نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. موقع =

| | | | |
|---|---|---|---|

© NCERT not to be republished

2. بیٹی = ☐☐☐☐

3. سورج = ☐☐☐☐

4. مشورہ = ☐☐☐☐☐

5. آسمان = ☐☐☐☐☐



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

| ب | الف |
|---|---|
| پر | کالے |
| پَری | کالی |
| جھولا | ہری ہری |
| بادل | خوب صورت |
| گھٹا | ننھّی |
| گھاس | رنگیلا |

© NCERT not to be republished



## سوچیے اور بتائیے۔

1. کالی گھٹائیں اکثر کس موسم میں آتی ہیں؟
2. دَھنک عام طور پر کس موسم میں دکھائی دیتی ہے؟
3. بارش سے بچنے کے لیے آپ کیا کرتے ہیں؟
4. دَھنک میں کون کون سے اور کتنے رنگ ہوتے ہیں؟





## خوش خط لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تمیز | | | | | |
| مینھ | | | | | |
| پرِستان | | | | | |
| رنگیلا | | | | | |
| مَلِکہ | | | | | |

© NCERT not to be republished